نام کا پہلا اور آخری حصہ: ________________________

:Fair Fares ID ____________________________

**Fair Fares NYCنیو یارک شہر کے محکمہ برائے سماجی خدمات/انتظامیہ برائے انسانی خدمات کے استعمال کی شرائط اور دیگر اہم معلومات**

**Fair Fares NYC OMNY کارڈ اور رعایت یافتہ ایکسس اے رائیڈ ٹرپس**

محکمہ برائے سماجی خدمات/انتظامیہ برائے انسانی خدمات (,Department of Social Services/Human Resources Administration DSS/HRA) Fair Fares نیو یارک سٹی (Fair Fares New York City, FFNYC) پروگرام ("پروگرام") کا انتظام سنبھالتا ہے۔ یہ پروگرام اہل افراد کو سب وے، مقامی بسوں اور ایکسس اے رائیڈ (Access-A-Ride) پیراٹرانزٹ میں نصف قیمت پر سفر کرنے کا موقع دیتا ہے۔

**Fair Fares NYC پروگرام میں اندراج:**

اگر آپ پروگرام کے لیے اہلیت کے تقاضوں پر پورے اترتے ہوں اور فنڈنگ دستیاب ہو، تو آپ ایک FFNYC رعایت وصول کریں گے اور پروگرام میں ایک سال کے لیے اندراج پا جائیں گے۔ آپ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک رعایت کے لیے اندراج حاصل کریں گے (آپ کے اندراج کے وقت جو بھی آپ پر نافذ ہوتا ہو):

- MTA نیو یارک سٹی ٹرانزٹ (New York City Transit) کے سب ویز اور مقامی بسوں (اسٹیٹن آئی لینڈ ریلوے، روزویلٹ آئی لینڈ ٹرام، اور ہڈسن ریل لنک) پر رعایت؛ **یا**
- ایکسس اے رائیڈ۔

کسی بھی وقت اگر آپ مزید اہل نہیں رہتے، تو پروگرام سے آپ کا اندراج ختم کر دیا جائے گا اور رعایت روک دی جائے گی۔ اگر آپ کا اندراج ختم کیا گیا تو پروگرام آپ کو بذریعہ ڈاک اُس پتے پر مطلع کرے گا جو آپ کے لیے فائل میں موجود ہو گا۔

**FFNYC کے لیے اہلیت**

NYC کے رہائشی FFNYC کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، اگر:

- ان کی عمر 18 اور 64 سال کے بیچ (اور بشمول) ہے؛
- ایک ایسے گھرانے میں ہیں جو کہ FFNYC پروگرام کے لیے آمدنی کی رہنما ہدایات سے مطابقت رکھتا ہے؛
- DSS/HRA یا کسی بھی دوسری NYC ایجنسی سے مکمل کارفیئر وصول نہیں کر رہے ہیں؛ **اور**
- FFNYC سب وے اور بس رعایت منتخب کرنے کی صورت میں، نقل و حمل میں رعایت کے کسی بھی دوسرے پروگرام میں پہلے سے شرکت نہیں کر رہے یا شرکت کے اہل نہیں ہیں۔

**Fair Fares MetroCard (FFM) سے Fair Fares One Metro New York (OMNY) کارڈ (FFOC) پر منتقلی:**

پروگرام اب مزید Fair Fares MetroCards (FFMs) جاری نہیں کر رہا ہے۔ اگر آپ کے پاس FFM ہے، تو آپ اسے استعمال کر سکتے ہیں تاوقتیکہ (درج ذیل میں سے جو بھی پہلے رونما ہو):

- کارڈ زائد المیعاد ہو جائے (کارڈ زائد المیعاد ہونے کی تاریخ کارڈ کی پچھلی جانب موجود ہے)؛
- کارڈ مزید کام نہ کرے؛
- کارڈ غیر فعال ہو جائے؛ **یا**
- آپ کا اندراج ختم ہو جائے۔

استعمال کی شرائط جن پر آپ پہلے ہی دستخط کر چکے ہیں، آپ کے MetroCard کے موثر رہنے تک اس پر نافذ رہتی ہیں۔

**نام کا پہلا اور آخری حصہ:** ________________________

**:Fair Fares ID** ____________________________

جب آپ پروگرام میں اپنے اندراج کی تجدیدِ کرواتے ہیں، تو FFNYC آپ کو ایک Fair Fares OMNY Card (FFOC) ارسال کرے گا۔ اگر آپ اپنے MetroCard کی بطور گمشدہ، چوری شدہ یا پھر اس کے خراب ہونے کی رپورٹ درج کرواتے ہیں، تو FFNYC اسے ایک عدد OMNY کارڈ کے ساتھ تبدیل کر دے گا۔ آپ اپنے MetroCard سے OMNY کارڈ پر کسی بھی وقت منتقل ہو سکتے ہیں۔

**سب ویز اور مقامی بسوں پر رعایت کے لیے اندراج یافتہ شرکت کنندگان کے لیے:**

پروگرام صرف آپ کے استعمال کے لیے آپ کو ایک عدد FFOC ارسال کرے گا۔ اگر آپ نے کسی دوسرے فرد کو اپنا کارڈ استعمال کرنے دیا، تو پروگرام آپ کو معطل کر سکتا ہے اور آپ کی رعایت اور FFOC کو منسوخ کر سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم ذیل میں جرمانے کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

**FFOC رعایت کیسے کام کرتی ہے:**

جب آپ کو اپنا FFOC وصول ہو جاتا ہے، تو آپ اس میں NYCT سب وے اسٹیشنز پر واقع OMNY کارڈ وینڈنگ مشین، شہر بھر میں موجود شرکت کنندہ ریٹیل اسٹورز (omny.info/retail)،OMNY کسٹمر سروس کو 6669-789-(877) پر کال کے ذریعے، یا اپنے رجسٹر شدہ OMNY اکاؤنٹ (omny.info/register) کے ذریعے آن لائن رقم شامل کر سکتے ہیں۔

- مذکورہ پروگرام کرائے کی لاگت کی ادائیگی یا بازادائیگی نہیں کرتا۔ آپ جو FFOC وصول کرتے ہیں، اس میں کوئی رقم موجود نہیں ہو گی۔
- FFOC کو استعمال کرنے سے قبل، آپ کو نقل و حمل کے اُس ذریعے سے جسے آپ استعمال کریں گے، اس میں سفر کے لیے کرایہ ادا کرنے کی خاطر رقم شامل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کے کارڈ میں جمع کی جانے والی کم ترین مقدار $1.00 ہے۔
- آپ اپنے FFOC کو کسی بھی OMNY کارڈ ریڈر پر ٹیپ کر سکتے ہیں۔ آپ کی رعایت سب وے، مقامی بسوں، اسٹیٹن آئی لینڈ ریلوے، روزویلٹ آئی لینڈ ٹرام اور ہڈسن ریل لنک پر کام کرے گی۔ آپ کی رعایت ایکسپریس بسوں یا ایئر ٹرین JFK پر کام نہیں کرے گی۔
- اگر آپ 7 متواتر دنوں میں 12 بامعاوضہ ٹرپس کرتے ہیں، تو اس وقت کے دوران میں تمام اضافی رائیڈز خود بخود مفت ہو جائیں گی۔ یہ وہ رقم ہے جو کہ FFNYC رعایت کے ذریعے آپ زیادہ سے زیادہ ادا کرتے ہیں۔ یہ اس وقت تک دستیاب رہے گی جب تک کہ OMNY کی جانب سے کرائے پر کیپنگ (capping) کی پیشکش کی جا رہی ہے۔

**گمشدہ، چوری شدہ یا خراب ہونے والے FFOCs:**

- اپنے کارڈ کے گم ہو جانے، چوری ہونے یا خراب ہونے کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے ACCESS HRA (AHRA) پر لاگ ان کریں یا 311 پر کال کریں۔ منسوخ ہو جانے کی صورت میں FFOC کام نہیں کرے گا۔
- رپورٹ شدہ کارڈ غیر فعال ہو جانے پر FFNYC آپ کو ایک نیا FFOC ارسال کر دے گا۔
- FFNYC فی اندراجی سال صرف ایک متبادل FFOC جاری کرے گا۔ دوسرے متبادل کی اجازت صرف پروگرام کی صوابدید پر، خصوصی حالات میں دی جاتی ہے۔
- ایسے FFOCs جن کا بیجا یا ناجائز استعمال کیا گیا ہو اور ان میں رقم باقی ہو، وہ ری فنڈز کے اہل نہیں۔
- آپ 6669-789-877 پر OMNY کی کسٹمر سروس کو کال کر کے اپنے پرانے کارڈ کا بیلنس نئے کارڈ میں منتقل کر سکتے ہیں۔ جب آپ کال کرتے ہیں، تو آپ کو ایک ای میل ایڈریس یا اپنی Fair Fares ID اور گمشدہ OMNY کارڈ کے لیے ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر بتانا ہو گا۔ آپ اپنے AHRA اکاؤنٹ میں اپنی Fair Fares ID اور ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر دیکھ سکتے ہیں۔

**NYCT طریقہ جات کے مطابق FFOC کے زائدالمیعاد ہونے کی تاریخ:**

- آپ کے FFOC کی پچھلی جانب زائد المیعاد ہونے کی تاریخ موجود ہے۔ آپ کو اس کے زائد المیعاد ہونے تک ایک ہی کارڈ استعمال کرتے رہنا چاہیے۔ پروگرام میں آپ کا اندراج برقرار رہنے کی صورت میں FFNYC آپ کا کارڈ زائد المیعاد ہونے سے قبل ہی خود کار طور پر ایک نیا کارڈ ارسال کرے گا۔
- جب آپ کا OMNY کارڈ زائد المیعاد ہو جاتا ہے، تو آپ OMNY کسٹمر سروس کو فون نمبر 6669-789 (877) پر کال کرتے

**نام کا پہلا اور آخری حصہ:** ______________________

**:Fair Fares ID** ______________________

ہوئے اپنے زائد المیعاد ہونے والے کارڈ میں موجود بیلنس اپنے نئے کارڈ میں منتقل کروا سکتے ہیں۔

**MetroCard سے OMNY Card میں بیلنس کی کوئی منتقلی نہیں:**

- آپ اپنے FFM سے FFOC کوئی بیلنس منتقل نہیں کر سکتے۔ آپ کو اپنا MetroCard زائد المیعاد ہونے یا منسوخ ہونے سے پہلے باقی ماندہ بیلنس استعمال کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- آپ اپنے فل فیئر MetroCard یا فل فیئر OMNY اکاؤنٹ سے FFM یا FFOC میں کوئی بھی باقی ماندہ بیلنس منتقل نہیں کر سکتے۔

**NYCT کے طریق ہائے کار کے مطابق گمشدہ یا چوری شدہ FFM کے لیے ریفنڈ کی درخواست کرنا:**

اگر آپ کا FFM گم یا چوری ہو جاتا ہے **اور** آپ نے ایک **کریڈٹ، ڈیبٹ یا EBT کارڈ** کے ذریعے 30 دن کا پاس خریدا ہے تو:

- آپ کو اپنے گمشدہ یا چوری شدہ کارڈ کے بارے میں رپورٹ کرنے کے لیے 311 پر کال کرنے یا AHRA پر لاگ کرنے کے بعد، 511 یا 1234-330 (718) پر کال کے ذریعے NYC ٹرانزٹ سے رابطہ کرنا چاہیے اور ریفنڈ کی درخواست کرنے کی خاطر بیلنس پروٹیکشن پروگرام تک پہنچنے تک کیے جانے والے اشاروں کی پیروی کرنی چاہیے۔
- آپ جزوی طور پر ریفنڈ کے اہل ہو سکتے ہیں، اس دن کی بنیاد پر جب آپ نے بیلنس پروٹیکشن کو اس بارے میں آگاہ کیا کہ آپ کا FFM گم ہو چکا ہے یا چوری ہو گیا ہے **اور**:
  - گمشدہ یا چوری شدہ FFM پر 30 دن کا پاس تھا؛
  - جس وقت آپ کا 30 دن کا پاس غیر فعال کیا گیا تھا اس وقت اس میں وقت بچا ہوا تھا؛ اور
  - آپ نے 30 دن کے پاس کے لیے ادائیگی ڈیبٹ، کریڈٹ یا EBT کارڈ سے کی تھی۔
- اگر آپ کا FFM گم یا چوری ہو جاتا ہے، تو آپ ہر ایک تقویمی سال کے دوران ایک مفت ریفنڈ حاصل کر سکتے ہیں۔ دوسرے ریفنڈ کی $5.00 فیس ہو گی اور اگر کارڈ میں $5.00 سے کم کی رقم ہوئی تو کوئی بھی ریفنڈ نہیں دیا جائے گا۔ آپ ہر ایک سال کے دوران زیادہ سے زیادہ دو ریفنڈز وصول کر سکتے ہیں۔

**ایسے FFMs جو خراب ہو گئے ہوں یا کام نہ کر رہے ہوں:**

اگر آپ اپنا FFM اس وجہ سے استعمال نہیں کر سکتے کہ یہ خراب ہو چکا ہے یا کام نہیں کر رہا تو آپ کو چاہیے کہ آپ اپنا خراب شدہ یا کام نہ کرنے والا FFM، کسی بھی FFNYC کے دفتر کے مقام پر لوٹا دیں۔

قریب ترین دفتر کا پتہ معلوم کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا www.nyc.gov/fairfares ملاحظہ کریں۔ اپنا خراب شدہ یا کام نہ کرنے والا FFM پروگرام کو واپس کر دینے پر DSS/HRA آپ کو متبادل FFOC فراہم کر دے گا۔

**MetroCard زائد المیعاد ہونا**

آپ کا FFM زائد المیعاد ہونے پر اگر اس کے اندر کچھ رقم باقی رہتی ہے، تو آپ ریفنڈ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اپنی درخواست بذریعہ ڈاک ارسال کریں یا اپنا زائد المیعاد ہونے والا کارڈ کسی FFNYC مقام پر واپس کر دیں۔ ریفنڈ کی کوئی بھی درخواست کارڈ کی پچھلی جانب موجود زائد المیعاد ہونے کی تاریخ سے 2 سال کے اندر کی جائے۔

بذریعہ ڈاک درخواست ارسال کرنے کے لیے، لفافے میں اپنے کارڈ کے ہمراہ درج ذیل معلومات شامل کریں:

- اپنے نام کا پہلا اور آخری حصہ۔
- Fair Fares کلائنٹ ID نمبر (آپ کے ACCESS HRA اکاؤنٹ میں Fair Fares کے ہوم پیج پر دیکھا جا سکتا ہے)۔
- وہ کُل بیلنس جو آپ کے خیال میں کارڈ پر باقی ہے۔

**نام کا پہلا اور آخری حصہ:** ____________________________

**:Fair Fares ID** ________________________________

اپنا کارڈ اور مندرجہ بالا معلومات یہاں ارسال کریں:

Fair Fares NYC
PO Box 7099
New York, NY 10008-7099

**ایکسس اے رائیڈ (AAR) ٹرپس کے لیے اندراج یافتہ شرکت کنندگان کے لیے:**

- Fair Fares کے ایسے شرکت کنندگان جو کہ AAR رائیڈرز ہیں اور AAR ٹرپس پر رعایت کی درخواست کرتے ہیں، ایک FFOC وصول کرنے کے حقدار نہیں۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی ایک FFOC موجود ہے، تو FFNYC رعایت ختم ہو جائے گی۔
- جب آپ پروگرام کو اپنی ایکسس اے رائیڈ ID نمبر دیتے ہیں اور NYC ٹرانزٹ آپ کی معلومات کی تصدیق کر دیتا ہے، تو اس کے بعد رعایت براہ راست ہر ایک AAR اکاؤنٹ پر نافذ ہو جاتی ہے۔ AAR کی جانب سے آپ کی تصدیق ہو جانے پر، آپ اپنی Fair Fares کی اہلیتی مدت کے دوران AAR پر رعایتی ٹرپس بک کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔ رعایت آپ کی جانب سے بکنگ کے وقت ٹرپ پر نافذ ہو گی، اور آپ اپنا ٹرپ مکمل ہونے پر ہی رعایت شدہ کرایہ ادا کریں گے۔
- صرف آپ کو ہی اپنی AAR کرائے میں رعایت استعمال کرنے کی اجازت حاصل ہے۔ اگر آپ کسی اور کو اپنی رعایت استعمال کرنے دیتے ہیں تو آپ پروگرام کے لیے اہلیت سے محروم ہو سکتے ہیں۔ مزید مخصوص معلومات کے لیے ذیل میں جرمانوں کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

**FFNYC کی استعمال کی شرائط سے اتفاق کر کے، آپ ہماری خدمات کے استعمال کی شرائط اور اس کے استعمال پر نافذ العمل پالیسیاں تسلیم کرتے ہیں اور قبول کرتے ہیں، جن میں صارف کے رویے سے متعلق رہنما ہدایات، ڈیٹا کی رازداری، املاک دانش کے حقوق اور جوابدہی کی حدود شامل ہیں۔**

**FFNYC پروگرام میں تجدید:**

پروگرام آپ کو FFNYC پروگرام میں اندراج کی مدت کے خاتمے سے کم از کم 30 دن قبل مطلع کرے گا۔ اس کے بعد آپ تجدید کی ایک درخواست DSS/HRA کو ارسال کر سکتے ہیں۔ آپ کے FFOC پر، FFNYC پروگرام میں آپ کے اندراج کی تاریخ سے ایک مختلف تاریخ ہو گی۔ تجدید کے لیے آپ کی درخواست کا جائزہ مکمل ہونے اور اس کے منظور ہونے پر، آپ کی رعایت FFOC پر جاری رہے گی، سوائے اس کے کہ آپ اپنی تجدید کی درخواست کی مدت کے دوران ایک نئے کارڈ کی استدعا کریں۔ اگر آپ کے اندراج کے دوران آپ کا FFOC زائد المیعاد ہو جائے، تو ایک نیا FFOC زائد المیعاد ہونے سے قبل خود کار طور پر آپ کو ارسال کر دیا جائے گا۔

**اعلان دستبرداری:**

Fair Fares رعایتیں پروگرام کے موثر ہونے کے دوران دستیاب رہیں گی۔ اگر پروگرام بند ہو جاتا ہے، تو رعایت آپ کے کارڈ سے ختم کر دی جائے گی، لیکن آپ اپنے OMNY اکاؤنٹ میں موجود باقی ماندہ بیلنس کا استعمال جاری رکھ سکتے ہیں۔ اگر پروگرام بند ہو جاتا ہے تو ایکسس اے رائیڈ کی رعایت فوری طور پر ختم ہو جائے گی۔

**استعمال کی ان شرائط سے اتفاق کر کے، آپ اس امر سے بھی اتفاق کرتے ہیں کہ یہ معاہدہ، شرکت کنندہ کے بطور، آپ کی طرف سے اور آپ اور، FFNYC پروگرام کے منتظم کے بطور، DSS/HRA کے درمیان ہے۔ NYCT اس معاہدے کا فریق نہیں ہے۔**

**اس معاہدے میں تبدیلیاں:**

DSS/HRA کسی بھی وقت اس معاہدے کی شرائط کو تبدیل کر سکتا ہے۔ یہ تبدیلیاں تبدیلی کے نوٹس پر تحریر شدہ تاریخ کو ہی موثر ہوں گی۔ اگر تبدیلی کے نوٹس میں درج کوئی چیز اس معاہدے کے کسی حصے کو باطل قرار دیتی ہے تو تبدیلی کا نوٹس پورے معاہدے کو باطل قرار نہیں دیتا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس معاہدے کی باقی شرائط تب بھی موثر ہوں گی۔

**نافذ العمل قانون:**

ریاستِ نیو یارک کے قوانین اور نیو یارک سٹی کے رولز کے ٹائٹل 68 کا باب 12 اس معاہدے کو کنٹرول کرتے ہیں۔ اس معاہدے کی تشریح کے لیے ریاست نیو یارک کے قوانین استعمال کیے جائیں گے۔

نام کا پہلا اور آخری حصہ: ______________________

:Fair Fares ID ______________________

**آپ کی معلومات میں تبدیلیاں:**

آپ نوٹس اور متبادل FFOCs اس پتے پر وصول کریں گے جو کہ فائل میں ہمارے پاس موجود ہے۔ آپ اپنی پہلے سے فراہم کردہ معلومات میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں DSS/HRA کو مطلع کرنے سے اتفاق کرتے ہیں، جیسے کہ:

- نام؛
- پتہ؛
- ٹیلیفون نمبر، اور
- ای میل ایڈریس۔

آپ www.nyc.gov/accessfairfares کو ملاحظہ کر کے، 311 پر کال کر کے یا Fair Fares NYC کے دفتر کے مقام پر تشریف لا کر اپنا ڈاک کا پتہ، یا رابطے کی معلومات کو تبدیل کر سکتے ہیں۔

**نا اہلیت:**

اگر یا جب بھی آپ پروگرام کے لیے نا اہل پائے گئے تو FFNYC آپ کے کارڈ سے رعایت کو ختم کر دے گا۔ اگر کارڈ غیر فعال نہ ہوا تو آپ اسے بغیر کسی رعایت کے استعمال کرنے کا سلسلہ جاری رکھ سکتے ہیں۔

**قیود:**

صرف آپ کو FF رعایت استعمال کرنے کی اجازت حاصل ہے۔ اگر آپ کسی دوسرے فرد کو اپنی FF رعایت استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں، تو آپ کو پروگرام سے ہٹایا جا سکتا ہے، اور اگر آپ کے پاس ایک FFOC ہو تو کارڈ پر موجود باقی ماندہ بیلنس ضائع ہو سکتا ہے۔

کسی بھی OMNY کارڈ کی طرح، اگر کوئی پولیس افسر یا ٹرانزٹ عملہ آپ سے آپ کا FFOC دکھانے کا تقاضا کرتا ہے تو آپ کو یہ بھی اسے دکھانا ہو گا۔

آپ کو اس صورت میں ریفنڈ یا متبادل نہیں مل سکتا جب:

- آپ نے اپنے FFOC کے ساتھ چھیڑچھاڑ کی ہو؛ یا
- آپ نے اپنا FFOC کسی دوسرے فرد کو استعمال کے لیے دیا ہو۔

**جرمانے:**

اگر آپ اپنے FF کی رعایت کا بیجا استعمال یا ناجائز استعمال کرتے ہیں یا Fair Fares NYC کو دھوکہ دیتے ہیں (جس میں رعایت کسی دوسرے فرد کو استعمال کے لیے دینا یا Fair Fares NYC کو جانتے بوجھتے غلط معلومات فراہم کرنا بلا تحدید شامل ہیں) تو، آپ کو ایک انتباہی خط موصول ہو گا اور آپ 60 دن کے لیے معطل کیے جائیں گے۔ 60 دن کی معطلی ختم ہونے کے بعد آپ پروگرام کے لیے دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔ دوسری مرتبہ جرم کا ارتکاب کرنے پر آپ کو مستقل طور پر پروگرام سے نا اہل قرار دے دیا جائے گا۔

ایسے FFOCs جن کا بیجا یا ناجائز استعمال کیا گیا ہو اور ان میں رقم باقی ہو، وہ ری فنڈز کے اہل نہیں ہیں۔

**اہلیت کے فیصلے سے اختلاف کرنے کا حق:**

اگر آپ Fair Fares NYC کے لیے نااہل پائے جاتے ہیں، تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ 311 پر کال کر کے یا کسی FFNYC مقام پر جا کر ایک انتظامی جائزے کی استدعا کر کے اہلیت کے فیصلے سے اختلاف کر سکیں۔

**انکشاف:**

DSS/HRA آپ کی پروگرام میں شرکت کے لیے آپ کے بارے میں جمع کی گئی ذاتی معلومات کو بعض مقاصد کے لیے استعمال کر سکتا ہے اور ان کا اشتراک کر سکتا ہے، جن میں درج ذیل مقاصد لیکن بلا تحدید شامل ہیں:

- پروگرام کے انتظام کے لیے؛
- آپ کو اضافی مراعات، خدمات اور اس نگہداشت سے منسلک کرنے کے لیے، جس کے آپ اہل ہو سکتے ہیں؛
- ایکسس اے رائیڈ پروگرام میں آپ کی شرکت کی تصدیق کے لیے؛
- اس امر کی تصدیق کے لیے کہ آپ MTA کے کم کرائے کے کسی پروگرام میں شرکت نہیں کر رہے؛ اور
- پروگرام سے متعلق دھوکہ دہی کے مشتبہ معاملات کی تفتیش کرنے کی خاطر قانون کے تنفیذ کاران کو۔

Fair Fares کی رعایت اور اس کا استعمال NYC ٹرانزٹ اور اس کے وابستگان کے نرخ کے تمام التزامات، قواعد اور ضوابط سے مشروط ہے۔

**نام کا پہلا اور آخری حصہ: ______________________**

**:Fair Fares ID ______________________**

**FFOC کا استعمال بھی اسی کرائے اور نرخ کے التزامات، ضوابط اور قیود سے مشروط ہو گا جو کہ FFM کے استعمال کے لیے موجود ہیں۔ OMNY کے ہمراہ Fair Fares رعایتوں کا آپ کی جانب سے استعمال OMNY کی خدمت کی شرائط اور OMNY کی خفیہ کاری کی پالیسی سے مشروط ہے جو کہ OMNY.info پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔**

براہِ کرم استعمال کی ان شرائط کا مطالعہ کریں اور اپنے ریکارڈ کے لیے ایک کاپی محفوظ رکھیں۔

______________________ ______________________

شرکت کنندہ کا نام (جلی حروف میں لکھیں) تاریخ

______________________

شرکت کنندہ کے دستخط

**کسٹمر سروس یا مزید معلومات کے لیے، 311 پر کال کریں۔ اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا اونچا سنتے ہیں تو ہم سے رابطہ کرنے کے لیے 711 یا اپنے ترجیحی ریلے سروس فراہم کنندہ کا استعمال کریں۔**